جلد ۳۹ — RAMPUR STATE GAZETTE — گزٹ ریاست رامپور — نمبر ۴۹

بحکم بندگانِ اعلیحضرت حضور پرنور دام اقبالہم وملکہم

مطبوعہ روز دوشنبہ تاریخ ۳ جمادی الثانی سنہ ۱۳۴۶ھ مطابق ۲۸ نومبر سنہ ۱۹۲۷ء

روبکار اجلاس ہمایون بندگان حضور پرنور دام اقبالہم وملکہم - واقع ۱۶ نومبر سنہ ۱۹۲۷ء

بتقریب سالگرہ ہمایون منشی شام بہادر دیوان صدر کی تنخواہ موجودہ میں پچیس روپیہ ماہوار اضافہ - اور منشی برج بہادر اسسٹنٹ دیوان صدر کی تنخواہ موجودہ میں پچیس روپیہ ماہوار اضافہ منظور ہے -

حکم ہوا کہ

سررشتہ صدر سے احکام ضابطہ جاری ہوں -

حسب الحکم دستخط صاحب چیف سکریٹری بہادر

احکام اجلاس ہمایون بندگان حضور پرنور دام اقبالہم وملکہم

اضافہ

۱۶ نومبر سنہ ۱۹۲۷ء

مثبتہ عرضداشت صاحب پرائیوٹ سکریٹری بہادر درباره اضافہ موٹر انجنیر صاحب پیش ہو کر ارشاد ہے

حکم

بتقریب سالگرہ ہمایون موٹر انجنیر کی تنخواہ موجودہ میں پچیس روپیہ ماہوار اضافہ منظور ہے - احکام ضابطہ جاری ہوں -

حسب الحکم دستخط صاحب چیف سکریٹری بہادر

اضافہ

۱۶ نومبر سنہ ۱۹۲۷ء

مثبتہ تحریری رپورٹ صاحب فائنینشل سکریٹری بہادر درباره اضافہ مولوی ضیاء اللہ خان صاحب ممبر بورڈ آف آڈٹ بوجہ نہ ملنے اضافہ عرصہ سے و حسن انجام دہی خدمات متعلقہ -

حکم

بتقریب سالگرہ ہمایون مولوی ضیاء اللہ خان ممبر بورڈ آف آڈٹ کی تنخواہ موجودہ میں پچیس روپیہ ماہوار اضافہ منظور ہے -

احکام ضابطہ جاری ہوں -

حسب الحکم دستخط
صاحب چیف سکریٹری بہادر

فہرست مضامین

نمبر شمار	خلاصہ مضمون	نمبر صفحہ
۱	اضافہ دیوان صدر صاحب و اسسٹنٹ دیوان صدر	۱
۲	″ انجنیر صاحب موٹر	″
۳	″ مولوی ضیاء اللہ خان صاحب	″
۴	″ منشی امتیاز علیخان صاحب	۲
۵	″ منشی لورن پرشاد	″
۶	رخصت صاحب سپرنٹنڈنٹ آفس	″
۷	ممانعت ذبیحہ گاؤ بہنگام تشریف آوری ہز ہائینس مہاراجہ صاحب بیکانیر	″
۸	تنبیہ و ہدایات پولیس	″
۹	اضافہ معاون منصرم ملازمان	″
۱۰	″ اہلمد بندوبست	″
۱۱	تقرر ماسٹر جمیل احمد صاحب	۳
۱۲	اخراج اسم مدرس [illegible]	″
۱۳	تبادلہ امتیاز الدین مدرس	″
۱۴	رخصت ڈاکٹر گنگا رام	″
۱۵	توسیع ملازمت مدرس [illegible]	″
۱۶	رخصت انگلش ٹیچر مدرسہ تالاب	″
۱۷	تقرر ماسٹر محمود ظفر خان صاحب	″
۱۸	اضافہ مولوی ابو طاہر صاحب	″
۱۹	″ محرر لباس اردلیان	۴
۲۰	رخصت انگلش ٹیچر مدرسہ [illegible]	″
۲۱	″ ہیڈ ماسٹر صاحب ہائی اسکول	″
۲۲	″ نائب مدرس [illegible]	″
۲۳	تبادلہ تحویلدار [illegible]	″
۲۴	رخصت منشی عتیق الرحمن خان	″
۲۵	″ نائب منصرم فراش خانہ	″
۲۶	″ منشی رام گوپال	″
۲۷	تصحیح گزٹ نمبر ۴۸	″
۲۸	نقشہ جات نرخنامہ اجناس	ضمیمہ

اضافہ

۱۶ نومبر ۱۹۲۰ء

مثنہ ناصیہ رپورٹ صاحب فائننشل سکریٹری بہادر - دربارہ پچاس روپیہ اضافہ منشی امتیاز علیخان صاحب ممبر بورڈ آف آڈٹ بوجہ حسن انجام دہی کار متعلقہ قابل اطمینان و توسل قدیم و خیرخواہی سرکار ابد قرار۔

حکم

بتقریب سالگرہ ہمایون منشی امتیاز علی خان ممبر بورڈ آف آڈٹ کی موجودہ تنخواہ میں پچیس روپیہ ماہوار اضافہ منظور ہے - احکام ضابطہ جاری ہوں۔

حسب الحکم دستخط صاحب چیف سکریٹری بہادر

احکام اجلاس عالیجناب نواب ولیعہد بہادر دام اقبالہم

اضافہ

۱۲ نومبر ۱۹۲۰ء

مثنہ رپورٹ صاحب سکریٹری بہادر اخبار و تعمیرات دربارہ دس روپیہ اضافہ بہ تنخواہ چالیس روپیہ منشی پورن پرشاد پیشکار صیغہ اخبار بوجہ ملازمت پرانہ ستر سالہ و حسن انجام دہی خدمت متعلقہ محنت و مستعدی۔

حکم

بموجب رپورٹ مبلغ دس روپیہ ماہوار اضافہ پورن پرشاد پیشکار صیغہ اخبار کی تنخواہ موجودہ میں منظور ہے - سررشتہ صدر سے احکام ضابطہ جاری ہوں۔

دستخط عالیجناب نواب ولیعہد بہادر دام اقبالہم

رخصت

۲۲ نومبر ۱۹۲۰ء

مثنہ رپورٹ صاحب سپرنٹنڈنٹ آفس دربارہ عطائے رخصت آٹھ یوم بضرورت روانگی لاہور من ابتداء ۲۳ نومبر ۱۹۲۰ء و لغایت ۳۰ نومبر ۱۹۲۰ء

حکم

آٹھ روز کی رخصت من ابتداء ۲۳ و لغایت ۳۰ نومبر ۱۹۲۰ء منظور ہے - صدر سے احکام ضابطہ جاری ہوں۔

دستخط عالیجناب نواب ولیعہد بہادر دام اقبالہم

روبکار اجلاس عالیجناب نواب ولیعہد بہادر دام اقبالہم واقع ۲۴ نومبر ۱۹۲۰ء

۵ دسمبر ۱۹۲۰ء کو ہز ہائینس مہاراجہ صاحب بیکانیر رامپور تشریف لائینگے اور ۸ دسمبر ۱۹۲۰ء کی شب میں واپسی ہوگی - زمانہ قیام مہاراجہ صاحب بہادر حدود میونسپلٹی شہر رامپور میں ذبیحہ گاؤ بند رہیگا۔

حکم ہوا کہ

سررشتہ صدر سے احکام ضابطہ جاری ہوں - ایک ایک نقل صاحب پریزیڈنٹ میونسپلٹی و صاحب فنانشل سکریٹری بہادر و صاحب سپرنٹنڈنٹ پولیس کے پاس مرسل ہو کہ صاحب ریونیو سکریٹری بہادر بذریعہ تحصیل نگرانی کا بندوبست کردیں - ایک نقل درج گزٹ ہو۔

دستخط عالیجناب نواب ولیعہد بہادر دام اقبالہم

روبکار اجلاس عالیجناب نواب ولیعہد بہادر دام اقبالہم واقع ۲۴ نومبر ۱۹۲۰ء

تھوڑی مدت سے دیکھا جا رہا ہے کہ پولیس اپنے فرائض کے ادا کرنے میں سست ہوتی جاتی ہے کوکین فروشی اور وارداتیں مارپیٹ کی زیادہ ہو رہی ہیں - قریب زمانہ میں دو قتل ایک زخم اور ایک ہلاکت بعد میں بعض بابت لاش مضافات میں وقوع پذیر ہوئے - انتظام پولیس کی ابتری سے ایسے ہی ناگوار واقعات پیش آیا کرتے ہیں۔

ہمنے حال ہی میں پولیس کو ترقیاں دی ہیں - اہالیان پولیس کو شایان تھا کہ اسکی شکرگزاری عملی صورت میں دکھاتے اور بہ کمال محنت و جانفشانی کام کرتے۔

ہم مندرجہ بالا مختصر الفاظ کیجانب جملہ اہالیان پولیس کی توجہ منعطف کرتے ہیں کہ وہ آیندہ سے اپنے آپکو مستعد ثابت کریں - اور نہایت دیانت و ایمانداری سے صحیح صورت میں اپنے خدمات بجا لاویں - تاکہ آئندہ ویسے حالات جو انکو بے وقعت اور سبک کر رہے ہیں - ہمارے گوش گزار نہ ہوں - ایسی حالت میں ہم مناسب اوقات پر انکے حقوق اور پرورش سے چشم پوشی نہ کرینگے۔

ایک ماہ کی مدت دیجاتی ہے - پولیس اپنے حال کی اصلاح کرے اور اپنا انتظام درست کرے۔

حکم ہوا کہ

سررشتہ صدر سے احکام ضابطہ جاری ہوں - ایک نقل درج گزٹ ہو۔

دستخط عالیجناب نواب ولیعہد بہادر دام اقبالہم

احکام اجلاس صاحب ریونیو سکریٹری بہادر

اضافہ

۱۹ نومبر ۱۹۲۰ء

عرضی محمد عثمان خان معاون منصرم ملازمان صدر منصرم ملازمان و سررشتہ دار صاحب جج بحکم تجویز حاکم صاحب صدر باستدعا دو روپیہ ماہوار اضافہ بہ تنخواہ موجودہ تیرہ روپیہ بوجہ ہوشیاری و محنت لیاقت عملی ملاحظہ ہو کر ایک روپیہ ماہوار اضافہ منظور کیا گیا۔

دستخط صاحب ریونیو سکریٹری بہادر

اضافہ

۱۹ نومبر ۱۹۲۰ء

مثنہ رپورٹ صاحب مہتمم بندوبست دربارہ [illegible] روپیہ اضافہ بہ تنخواہ محمد محسن [illegible] بندوبست بوجہ حسن انجام دہی کار متعلقہ محنت و ہوشیاری

حسب سفارش صاحب مہتمم بندوبست محمد محسن کی تنخواہ موجودہ میں ایک روپیہ ماہوار اضافہ منظور ہوا احکام ضابطہ جاری ہوں

دستخط صاحب ریونیو سکریٹری بہادر

احکام اجلاس صاحب جوڈیشل سکریٹری بہادر

تقرر

یکم نومبر ۱۹۲۶ء

بمنظوری اجلاس ہمایوں تقرر مستقل ماسٹر جمیل احمد ایم اے بی ٹی ہائی اسکول میں بمشاہرہ ایک سو روپیہ اور پانچ سال تک دس روپیہ سالانہ ترقی اس شرط سے کیا گیا کہ اگر وہ ملازمت ترک کرنا چاہیں گے تو تین ماہ قبل نوٹس دینگے۔ ورنہ تین ماہ کے قدر تنخواہ کے ذمہ دار ہونگے۔ اور ریاست کو انکے علحدہ کر دینے کا ہر وقت اختیار ہوگا۔ لہذا

حکم ہوا کہ

نقل حکم ہذا برائے اندراج گزٹ مطبع کو مرسل ہو۔

دستخط صاحب جوڈیشل سکریٹری بہادر

اخراج اسم

یکم نومبر ۱۹۲۶ء

انسپکٹر صاحب مدارس کی رپورٹ سے واضح ہوا کہ محمد الدین مدرس سینجنی نانکار پرگنہ حضور تحصیل کا کام خراب ہے۔ لہذا نامبردہ کا نام ملازمت سے خارج کیا گیا۔

حکم ہوا کہ

نقل حکم ہذا برائے اندراج گزٹ مطبع کو مرسل ہو۔

دستخط صاحب جوڈیشل سکریٹری بہادر

تبادلہ

یکم نومبر ۱۹۲۶ء

حسب رپورٹ انسپکٹر صاحب مدارس۔ مدرسہ سینجنی نانکار پرگنہ حضور تحصیل میں رمضان الدین مدرس نگریا عاقل تنخواہ دار گیارہ روپیہ کا تبادلہ کیا گیا۔ لہذا

حکم ہوا کہ

نقل حکم ہذا برائے اندراج گزٹ مطبع کو مرسل ہو۔

دستخط صاحب جوڈیشل سکریٹری بہادر

رخصت

۳ نومبر ۱۹۲۶ء

میڈیکل رپورٹ صاحب چیف میڈیکل افسر صاحب دربارہ منظوری رخصت مزید یکماہ ڈاکٹر مکندرام بوضع تنخواہ من ابتدا یکم نومبر ۱۹۲۶ء بوجہ علالت

حکم

ڈاکٹر مکندرام کی رخصت مزید یکماہ بوضع تنخواہ یکم نومبر ۱۹۲۶ء سے حسب سفارش چیف میڈیکل افسر صاحب منظور ہے۔ احکام ضابطہ جاری ہوں۔

دستخط صاحب جوڈیشل سکریٹری بہادر

توسیع

۳ نومبر ۱۹۲۶ء

حسب رپورٹ انسپکٹر صاحب مدارس۔ سے اشرف علی مدرس مدرسہ حتوش پرگنہ بلاسپور کی ملازمت غیر مستقل میں ۲۰ نومبر ۱۹۲۶ء سے آخر اپریل ۱۹۲۷ء تک توسیع کی گئی۔ لہذا

حکم ہوا کہ

نقل حکم ہذا برائے اندراج گزٹ مطبع کو مرسل ہو۔

دستخط صاحب جوڈیشل سکریٹری بہادر

رخصت

۳ نومبر ۱۹۲۶ء

حسب رپورٹ انسپکٹر صاحب مدارس مبارک حسین انگلش ٹیچر مدرسہ اہل بازار کی رخصت ۹ نومبر ۱۹۲۶ء سے ۳۰ نومبر ۱۹۲۶ء تک بعوض احمد اشرف خان منظور کی گئی۔ لہذا

حکم ہوا کہ

نقل حکم ہذا برائے اندراج گزٹ مطبع کو مرسل ہو۔

دستخط صاحب جوڈیشل سکریٹری بہادر

تقرر

۶ نومبر ۱۹۲۶ء

حسب منظوری اجلاس ہمایوں تقرر ماسٹر محمود مظفر خان جی اے ایس اے وی کا یکم دسمبر ۱۹۲۶ء سے بمشاہرہ ایک سو روپیہ دس روپیہ سالانہ ترقی تا ہونے تنخواہ ایک سو پچاس روپیہ ماہانہ ہائی اسکول میں اس شرط سے کیا گیا کہ اگر وہ ملازمت ترک کرینگے تو تین ماہ قبل نوٹس دینگے۔ اور ریاست کسی شرط کی پابند نہ ہوگی۔ لہذا

حکم ہوا کہ

نقل حکم ہذا برائے اندراج گزٹ مطبع کو مرسل ہو۔

دستخط صاحب جوڈیشل سکریٹری بہادر

اضافہ

۶ نومبر ۱۹۲۶ء

مولوی ابو طاہر مدرس مدرسہ مڈل کی موجودہ تنخواہ میں تیرہ روپیہ ماہوار میں بوجہ کام اچھا ہونے کے دو روپیہ ماہوار اضافہ کیا گیا۔ لہذا

حکم ہوا کہ

نقل حکم ہذا برائے اندراج گزٹ مطبع کو مرسل ہو۔

دستخط صاحب جوڈیشل سکریٹری بہادر

اضافہ

۱۱ر نومبر ۱۹۲۰ء

بشۂ تحریر صاحب سپرنڈنٹ جیل دربارہ اضافہ تنخواہ سید شجاعت حسین محرر پوشاک قیدیان تعدادی للعہ ریہ بوجہ خوش اسلوبی کام۔

حکم

حسب سفارش سپرنڈنٹ صاحب جیل سید شجاعت حسین محرر وردی ملازم جیل کی تنخواہ للعہ ماہوار میں دو روپیہ ماہوار اضافہ کیا گیا۔

دستخط صاحب جوڈیشل سکریٹری بہادر

رخصت

۱۲ر نومبر ۱۹۲۰ء

حسب رپورٹ انسپکٹر صاحب مدارس محمد محمود انگلش ٹیچر مدرسہ پل پختہ کی رخصت ایک ماہ پندرہ نومبر ۱۹۲۰ء سے بعوض سید فصیح الدین منظور کی گئی۔ لہذا

حکم ہوا کہ

نقل حکم ہذا برائے اندراج گزٹ مطبع کو مرسل ہو۔

دستخط صاحب جوڈیشل سکریٹری بہادر

رخصت

۱۳ر نومبر ۱۹۲۰ء

ہیڈ ماسٹر صاحب ہائی اسکول کی رخصت ۱۳ر و ۱۴ر نومبر ۱۹۲۰ء منظور کی گئی۔ ماسٹر کشن گوپال ایضا پر رہیں گے۔ لہذا

حکم ہوا کہ

نقل حکم ہذا برائے اندراج گزٹ مطبع کو مرسل ہو۔

دستخط صاحب جوڈیشل سکریٹری بہادر

رخصت

۱۴ر نومبر ۱۹۲۰ء

رپورٹ ڈپٹی انسپکٹر صاحب مدارس دربارہ منظوری رخصت ۲۲ یوم از ۹ر نومبر ۱۹۲۰ء بوضع تنخواہ سے معشوق علیخان نائب مدرس مدرسہ بھوٹ بقال پرگنہ حضور تحصیل۔

حکم

معشوق علیخان نائب مدرس مدرسہ بھوٹ بقال کی رخصت ۲۲ یوم ۹ر نومبر ۱۹۲۰ء سے بوضع تنخواہ منظور ہو۔ مدرسہ بھوٹ بقال میں فوراً مدرس کا انتظام جائے۔ تاکہ کام میں حرج نہ ہو۔ احکام ضابطہ جاری ہوں۔

دستخط صاحب جوڈیشل سکریٹری بہادر

احکام اجلاس صاحب پرائیوٹ سکریٹری بہادر

تبادلہ

۲ر نومبر ۱۹۲۰ء

بشۂ تحریر مہتمم صاحب خاصہ صدر و کنٹرولر صاحب کارخانہ جات ذات خاص دربارہ تبادلہ صفدر علیخان تحویلدار رہانان بجائے محمد یونس خان تحویلدار خاصہ بوجہ علالت محمد یونس خان بعارضہ خراش خون بشاہرہ موجودہ و تبادلہ منشی حیدر علیخان محرر باورچیخانہ ہندوستانی بجائے صفدر علیخان تحویلدار رہانان بشاہرہ موجودہ۔ و تبادلہ محمد یونس خان صدر الذکر بتنخواہ موجودہ بجائے حیدر علیخان مذکور۔ اور سے حیدر علیخان محرر کا کام متعلقہ تا واپسی محمد یونس خان محرر موجودہ دفتر کرینگے۔

حکم

حسب تحریر جناب مہتمم صاحب خاصہ و کنٹرولر صاحب منظوری دیجاتی ہے۔ احکام ضابطہ جاری ہوں۔

دستخط صاحب پرائیوٹ سکریٹری بہادر

رخصت

۱۰ر نومبر ۱۹۲۰ء

بشۂ تحریر کنٹرولر صاحب ہوس ہولڈ دربارہ منظوری رخصت ۱۵ یوم منشی عتیق الرحمن بیکار میں ابتداء ۱ر نومبر ۱۹۲۰ء لغایت برائے علاج۔

حکم

پندرہ یوم کی رخصت بذمہ داری حافظ محمد جمیل اینڈ منظور ہے۔ احکام ضابطہ جاری ہوں۔

دستخط صاحب پرائیوٹ سکریٹری بہادر

رخصت

۱۰ر نومبر ۱۹۲۰ء

مشۂ تحریر صاحب کنٹرولر آف ہاؤس ہولڈ دربارہ منظوری رخصت عاجی ۱۵ یوم حبیب الرحمن خان نائب سر رشتہ دار خاص خانہ میں ابتداء یوم ۳۰ر اکتوبر لغایت ۱۳ر نومبر ۱۹۲۰ء بوجہ علالت۔

حکم

رخصت پندرہ یوم منظور ہے۔ احکام ضابطہ جاری ہوں۔

دستخط صاحب پرائیوٹ سکریٹری بہادر

حکم اجلاس صاحب سکریٹری بہادر صنعت و حرفت و تعمیرات

رخصت

۳۱ر اکتوبر ۱۹۲۰ء

بشۂ عرضی رام گوپال ریپر پانچ کلارک محکمہ بجلی گھر مصدقہ برقی انجنیر صاحب بابت منظوری رخصت ۱۱ یوم از ۲ر نومبر لغایت ۱۲ر نومبر ۱۹۲۰ء بغرض ذاتی سامان خانہ کشمیر برائے کاشتکار

حکم

حسب سفارش انجنیر صاحب الیکٹریکل کی رخصت ۱۱ یوم ۲ر نومبر ۱۹۲۰ء سے منظور ہے۔ احکام ضابطہ جاری ہوں۔

دستخط صاحب سکریٹری بہادر صنعت و حرفت و تعمیرات

نوٹ: گزٹ نمبر ۱۸ مطبوعہ ۲۱ر نومبر ۱۹۲۰ء صفحہ ۵ پر فہرست تعمیلات اپیل کی دفعہ نمبر ۲۰۰ پر طلبا کے نام کے روبرو خادم میں تنخواہ بابت انجنیر کے دو اسسٹنٹ آر سپروائزر چھپا ہے۔ تصحیح فرمائیں۔

سرکاری پریس ریاست رامپور میں چھپ کر شائع ہوا

نقشہ اجناس ریاست رامپور بابت ۱۵ نومبر ہفتہ سوم

نام جنس	حضور تحصیل	شاہ آباد	ملک	بلاسپور	سوار	ٹانڈہ	کیفیت
گندم	۷ ۰ار ۷ ۰ار / ۷ ۱۰ ۰ار ۷ ۱۰ ۰ار	نقشہ نہین آیا	نقشہ نہین آیا	۸ ۰ار	۸ ۰ار	نقشہ نہین آیا	
نخود خالص	۷ ۰ار ۷ ۱۰ ۰ار	″	″	۸ ۱۰ ۰ار	۸ ۱۰ ۰ار	″	
نخود کسہ آمیز	۸ ۰ار ۷ ۰ار	″	″	۹ ۰ار	۹ ۰ار	″	
گنا	۸ ۱۰ ۰ار ۹ ۰ار	″	″	۱۰ ۰ار	۹ ۱۰ ۰ار	″	
ماش	۶ ۱۰ ۰ار	″	″	۶ ۱۰ ۰ار	۶ ۰ار	″	
مونگ	۵ ۰ار	″	″	۰	۰	″	
مکا	۱۰ ۱۰ ۰ار ۱۱ ۰ار	″	″	۱۱ ۱۰ ۰ار	۱۲ ۰ار	″	
جئی	۱۴ ۰ار	″	″	۱۱ ۰ار	۰	″	
گوجئی	۱۱ ۰ار	″	″	۰	۱۲ ۰ار	″	
عدس	۶ ۰ار	″	″	۶ ۱۰ ۰ار	۶ ۰ار	″	
اوہر	۶ ۰ار	″	″	۰	۰	″	
برنج	۵ ۰ار ۶ ۰ار	″	″	۵ ۰ار	۵ ۱۰ ۰ار	″	
روغن زرد	۷ چھٹانک	″	″	۸ چھٹانک	۸ چھٹانک	″	
روغن سیاہ	۱ ۰ار	″	″	۱ ۰ار	۱ ۱۰ ۰ار	″	
روغن کنجد	۱ ۰ار	″	″	۰	۱ ۰ار	″	
نمک سانبھر	۱۲ ۰ار	″	″	۱۲ ۰ار	۱۲ ۰ار	″	
نمک لاہوری	۶ ۰ار	″	″	۰	۰	″	
قند سیاہ	۷ ۱۰ ۰ار ۸ ۰ار	″	″	۷ ۰ار	۷ ۰ار	″	
باجرہ	۹ ۰ار	″	″	۰	۰	″	

نقشہ اجناس ریاست رامپور بابت ماہ نومبر ۱۹۴۷ء ہفتہ چہارم

کیفیت	ٹانڈہ	سوار	بلاسپور	ملک	شاہ آباد	حضور تحصیل	نام جنس
[illegible]	۷۰ار	۸ار	۸ار	۸۰ار	۰	۷ار ۷۰ار / ۷۰ار ۷۰ار	گندم
[illegible]	۸ار	۸ار	۸۰ار	۷۰ار	۰	۷۰ار ۷۰ار	نخود خالص
[illegible]	۸۰ار	۹ار	۹۰ار	۹ار	۰	۷ار ۷۰ار	نخود کیسہ آمیز
[illegible]	۹ار	۹۰ار	۱۰ار	۱۰ار	۰	۷۰ار	گیت
[illegible]	۶ار	۶ار	۶ار	۷ار	۰	[illegible]	باسمتی
[illegible]	۵ار	۰	۰	۰	۰	۵ار	مونگ
[illegible]	۱۲ار	۱۲ار	۱۱ار	۱۱ار	۰	۱۱ار ۱۱ار	مکا
[illegible]	۱۱ار	۱۲ار	۱۲ار	۰	۰	۱۲ار	مکی
[illegible]	۹ار	۱۰ار	۹ار	۰	[illegible]	۱۰ار	گوچنی
[illegible]	۶ار	۶ار	۰	۰	۰	۵ار	ملگیہا
[illegible]	۷ار	۰	۰	۰	[illegible]	۶ار	ارہر
[illegible]	۶ار	۵ار	۶ار	۶ار	۰	۵ار ۶ار	برنج
[illegible]	۷ چھٹانک	۱۰ار	۱۰ار	۵ چھٹانک	۰	۷ چھٹانک	روغن زرد
[illegible]	۲ ار	۱ار	۱ار	۱ار	۰ ۰	۱ار	روغن سیاہ
[illegible]	۱ار	۱ار	۰	۱ار	۰	۱ار	روغن کنجد
[illegible]	۱۲ار	۱۲ار	۱۱ار	۱۲ار	۰	۱۲ار	نمک سانبھر
[illegible]	۱۰ار	۰	۰	۶ار	۰	۶ار	نمک لاہوری
[illegible]	۸ار	۱ار	۰	۵ار ۷ار	۰	۵ار ۸ار	قند سیاہ
[illegible]	۸ار	[illegible]	۰	۰	۰	۹ار	باجرہ

[illegible]